# بلوچستان صوبائی اسمبلی

## بروز جمعرات مورخہ 17 ستمبر 2020ء

## نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

## (1) محکمہ منصوبہ بندی وترقیات (2) محکمہ مواصلات وتعمیرات

## (3) محکمہ خوراک

☆248 **میر زابد علی ریکی رُکن صوبائی اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **24-12-2019**

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

حکومت کی جانب سے مالی سال 2019-2020 کے دوران وفاقی حکومت سے کن کن منصوبوں کے لئے سفارش کی گئی ہے تفصیل دی جائے۔ نیز مذکورہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں صوبے کے لئے کن کن منصوبوں کی منظوری دی گئی ہے نیز ان کے لئے مختص کردہ رقم، نام اور اسکیم کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر منصوبہ بندی وترقیات**

یہ کہ محکمہ منصوبہ بندی وترقیات میں مالی سال 2019-2020 کے وفاقی حکومت سے کل 51 منصوبوں کی سفارش کی گئی ہے۔ اور 111 پروجیکٹ جن کا تخمینہ Rs.377.56 بلین وفاقی 2019-2020PSDP میں شامل کئے گئے ہیں تفصیل **آخر پر منسلک ہے۔**

☆249 **میر زابد علی ریکی رُکن صوبائی اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **24-12-2019**

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

مالی سال 2019-2020 کے PSDP میں مواصلات وتعمیرات سے متعلق کل کتنے منصوبے شامل کئے گئے ہیں اور جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران کل کتنے منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے ضلعوار تفصیل دی جائے۔ نیز محکمہ منصوبہ بندی وترقیات اور محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ فنڈ/رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

مالی سال 2020-2019 کے PSDP میں مواصلات وتعمیرات سیکٹر میں کل 379 منصوبے شامل کئے گئے ہیں۔

جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران کل 353 منصوبوں کی منظوری دی ہے ضلعوار تفصیل ضخیم ھے لھذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔

محکمہ منصوبہ بندی وترقیات اور محکمہ خزانہ سے اب تک 47.68 بلین جاری ہوا ہے۔

## ☆250 میر زابد علی ریکی رُکن صوبائی اسمبلی

نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 24-12-2019

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

مالی سال 2020-2019 کے PSDP میں زراعت سیکٹر سے متعلق کل کتنے منصوبے شامل کئے گئے ہیں۔ اور جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران کل کتنے منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے ضلع وار تفصیل دی جائے نیز منصوبہ بندی ترقیات اور محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ فنڈ/رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

(الف) مالی سال 2020-2019 کے پی ایس ڈی پی میں زراعت سیکٹر میں کل 43 منصوبے شامل ہیں تفصیل ذیل ہے۔

| جاری منصوبے | 2020-2019 کے نئے منصوبے |
|---|---|
| 21 | 22 |

(2) جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران منظور کئے گئے نئے منصوبوں کی ضلع وار تفصیل ذیل ہے۔

| ضلع کا نام | جاری منصوبے | نئے منصوبے | |
|---|---|---|---|
| | | منظور شدہ منصوبے | نامنظور منصوبے |
| صوبائی | 15 | 12 | 2 |
| کیچ | 1 | 0 | |
| ژوب | 1 | 1 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پنجگور | 1 | 1 | |
| کوئٹہ | 2 | 2 | |
| کچھی | 1 | 0 | |
| چاغی | 0 | 0 | 1 |
| جعفرآباد | 0 | 1 | |
| نوشکی/ردالبندین | 0 | 1 | |
| ڈیرہ بگٹی | 0 | 1 | |

(3)ان منصوبوں کے لئے جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران جاری کردہ فنڈز کی تفصیل ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | محکمہ کا نام | جاری/پرانے سکیموں کے لئے جاری کردہ ٹوٹل فنڈ | مالی سال 2019-2020 کیلئے جاری کردہ ٹوٹل فنڈ | ٹوٹل جاری کردہ فنڈ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | محکمہ پی اینڈ ڈی | 2122.191 ملین روپے | 905.83 ملین روپے | 3028.021 ملین |
| 2 | محکمہ خزانہ | 901.959 ملین روپے | 235.00 ملین روپے | 1136.959 ملین |

☆284 جناب عبدالواحد صدیقی رُکن صوبائی اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 21-2-2020

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2020-2019ء کے بجٹ میں سپرہ راغہ روڈ پشین کے لئے فنڈ/رقم مختص کی گئی ہے؟

(ب) اگر جزوالف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے اور مختص کردہ رقم میں سے فروری 2020ء تک جاری اور صرف کردہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ منصوبہ کب تک مکمل کیا جائے گا تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

(الف) جی ہاں۔

(ب) مالی سال 2020-2019ء میں مختص کردہ رقم 500.00 ملین روپے میں سے فروری 2020ء تک 80.768 ملین روپے جاری کئے گئے ہیں۔ جبکہ اب تک اس روڈ کی تعمیر پر 727.571 ملین خرچ کئے جا چکے ہیں جس میں سے 627.571 ملین روپے حکومت بلوچستان کی طرف سے 100.00 ملین وفاقی حکومت کی طرف سے

جاری کئے گئے ہیں۔سکیم کی تکمیل فنڈز کی دستیابی پر منحصر ہے۔

☆285 **جناب عبدالواحد صدیقی رُکن صوبائی اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **21-2-2020**

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2020-2019ء کے بجٹ میں ہلک ڈیم کے لئے فنڈ/رقم مختص کی گئی ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کس قدر رقم مختص کی گئی ہے اور مختص کردہ رقم میں سے تاحال جاری کردہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ منصوبہ پر اب تک کس قدر فیصد کام ہوا ہے اور یہ کب تک مکمل کیا جائیگا تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

(الف) ہلک ڈیم کے لئے مالی سال 2020-2019ء کے بجٹ میں کوئی رقم مختص نہیں کی گئی اور نہ ہی ہلک ڈیم پر رواں سال مزید کام ہوا ہے۔

☆286 **جناب عبدالواحد صدیقی رُکن صوبائی اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **21-2-2020**

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2020-2019ء کے بجٹ میں مانگی ڈیم کے لئے فنڈ/رقم مختص کی گئی ہے۔

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کس قدر رقم مختص کی گئی ہے اور مختص کردہ رقم میں سے تاحال جاری اور صرف کردہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ منصوبہ پر جاری کام کے نوعیت کی تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

(الف) یہ درست ہے کہ مالی سال 2020-2019ء میں مانگی ڈیم پروجیکٹ کے لئے صوبائی ترقیات پروگرام (بجٹ) میں رقم مختص کی گئی تھی۔

(ب) مالی سال 2020-2019ء کے بجٹ میں کل 1200 ملین کی رقم مختص کی گئی تھی جس میں سے کل 700 ملین روپے ریلیز ہوئے۔ یہ منصوبہ وفاقی اور صوبائی حکومت کے اشتراک سے شروع کیا گیا ہے۔ اب تک منصوبے پر کل 4285 ملین رقم خرچ ہوچکی ہے جس کی تفصیل ذیل ہے۔

وفاقی حکومت 2370 ملین

صوبائی حکومت 1915 ملین

منصوبے پر کام کی رفتار کی فزیکل پراگریس 34.8 فیصد ہے۔

☆271 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **11-2-2020**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

یکم جنوری 2019 تا 31 جنوری 2020ء کے دوران کسقدر گندم کی خریداری کی گئی بمعہ آمدہ لاگت کے تفصیل دی جائے نیز یکم جنوری 2019ء تا تا حال ضلع واشک کیلئے فراہم/جاری کردہ گندم کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر خوراک**

محکمہ خوراک بلوچستان نے ماہ جنوری تا 2019 تا جنوری 2020 کے دوران گندم کی کوئی خریداری نہیں کی۔ چونکہ طوفانی بارشوں کی وجہ سے گندم کی فصل خراب ہوگئی تھی۔

☆272 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **11-2-2020**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

محکمہ خوارک ضلع واشک میں تعینات ملازمین کی کل تعداد کس قدر ہے بمعہ انچارج نام کے تفصیل دی جائے نیز مالی سال 2019-2020 کے بجٹ میں مذکورہ ضلع کیلئے مختص کردہ آسامیوں کے نام اور گریڈ کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر خوراک**

جہانزیب، فوڈ گرین سپروائزر/انچارج پی آر سینٹر واشک تعینات ہے محکمہ خوراک ضلع واشک میں ایک چوکیدار کی پوسٹ خالی ہے۔

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی

کوئٹہ

مورخہ 16 ستمبر 2020